# نیلام عام ایکسائز ڈیوٹی معدنیات

نیلامی حقوق وصولی ایکسائز ڈیوٹی نوٹیفائیڈ معدنیات پر صوبے کے درجہ ذیل ڈویژن کے لئے (ماسوائے سیمنٹ فیکٹریوں کے لیز شدہ رقبہ جات زیر تعمیر ڈیموں کیلئے مختص شدہ رقبہ جات سے نکالے جانے والے معدنیات، افغانستان اور دیگر ممالک سے درآمد شدہ معدنیات، قیمتی دھاتیں، قیمتی و نیم قیمتی پتھر، جواہرات اور ریڈیو ایکٹیو منرلز) جن کی ترسیل کانوں (مائنز) سے بذریعہ سڑک کی جاتی ہے، برائے سال 2025-26 کیلئے کمشنریٹ آف مائنز لیبر ویلفیئر خیبر پختونخوا نزد جوڈیشل کمپلیکس بلمقابل سرینہ ہوٹل خیبر روڈ پشاور میں درجہ ذیل شیڈول کے مطابق ہوگی۔

| نمبر شمار | ڈویژن | تاریخ نیلامی | ٹھیکے کی مدت | سرکاری بولی | کال ڈیپازٹ (زر بیعانہ) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | پشاور | 3 جون 2025 بوقت 2 بجے دن | یکم جولائی 2025 تا 30 جون 2026 | 21,420,000/- روپے | 2,142,000/- روپے |
| 2 | مردان | ایضاً | ایضاً | 32,058,000/- روپے | 3,205,800/ روپے |
| | ہزارہ | ایضاً | ایضاً | 30,690,000/- روپے | 3,069,000/- روپے |
| 4 | کوہاٹ | ایضاً | ایضاً | 10,489,000/- روپے | 1,048,900/- روپے |
| 5 | ملاکنڈ | ایضاً | ایضاً | 17,674,000/- روپے | 1,767,400/- روپے |
| 6 | بنوں | ایضاً | ایضاً | 3,660,000/- روپے | 366,000/- روپے |
| 7 | ڈیرہ اسماعیل خان | ایضاً | ایضاً | 11,445,000/- روپے | 1,144,500/- روپے |
| 8 | ضم شدہ اضلاع | ایضاً | ایضاً | 26,653,000/- روپے | 2,665,300/- روپے |

**شرائط نیلامی:۔**

1۔ نئی خواہشمند پارٹی/پارٹیوں کو نیلام ہذا میں حصہ لینے کے لئے کمشنر مائنز لیبر ویلفیئر خیبر پختونخوا کے پاس رجسٹریشن/پری کوالیفیکیشن برائے سال 2025-26 کے لئے مروجہ رجسٹریشن فیس (ناقابل واپسی) کا بینک چالان مطلوبہ تصدیق شدہ دستاویزات (کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ، ڈومیسائل سرٹیفیکیٹ کی کاپی، نیشنل ٹیکس نمبر، بینک اسٹیٹمنٹ، کریڈینشل سرٹیفیکیٹ متعلقہ ڈپٹی کمشنر اور کریکٹر سرٹیفیکیٹ سے دستخط شدہ) نیلامی سے ایک دن پہلے تک (دفتری اوقات کار کے دوران) جمع کرانے ہونگے۔ نیز پہلے سے رجسٹرڈ شدہ پارٹیوں کو اپنے رجسٹریشن کی مروجہ تجدیدی فیس (ناقابل واپسی) کا بینک چالان بمعہ شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی اور موجودہ مالی سال کی بینک اسٹیٹمنٹ نیلامی سے ایک دن پہلے تک پیش کرنے ہونگے۔ بصورت دیگر وہ نیلامی ہذا میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہونگے۔

2۔ رجسٹرڈ پارٹیوں کو کال ڈیپازٹ (زر بیعانہ) بصورت اوریجنل کال ڈیپازٹ (شیڈول بینکوں سے) بنام کمشنریٹ آف مائنز لیبر ویلفیئر، جس پر نیلامی میں حصہ لینے والے کا نام بھی درج ہو بمع پر شدہ فارم (جو کہ کمشنر مائنز لیبر ویلفیئر کے دفتر سے مروجہ فیس ادا کرنے پر دفتری اوقات کار کے دوران حاصل کیا جاسکتا ہے) نیلامی سے پہلے جمع کرنا ہونگے۔ بغیر کال ڈیپازٹ (زر بیعانہ) کسی بھی پارٹی کو نیلامی میں حصہ لینے کی اجازت نہیں ہوگی۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ کا دس فیصد رقم بطور سیکورٹی بصورت سی ڈی آر (شیڈول بینک سے) کمشنر مائنز کے پاس اور دس (10%) فیصد ایڈوانس (پیشگی) ودہولڈنگ ٹیکس مروجہ قانون کے تحت انکم ٹیکس ڈیپارٹمنٹ کے پاس فوری جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی کا پچیس فیصد (25%) رقم بطور ایڈوانس (پیشگی) مختص شدہ ہیڈ آف اکاؤنٹ میں اور پروفیشنل ٹیکس مروجہ قانون کے مطابق جمع کرنا ہوگا بصورت دیگر اس کی سیکورٹی بحق سرکار ضبط کی جائیگی۔ نیز وہ بقایا پچھتر فیصد (75%) بولی کی رقم کی ادائیگی اقساط کی صورت میں ادا کرنے کا بھی پابند ہوگا۔

5۔ دوران ٹھیکہ اگر حکومت کی طرف سے ایکسائز ڈیوٹی کی موجودہ ریٹس میں اضافہ کیا گیا یا مزید معدنیات میں شامل کئے گئے یا ٹیکس ریٹس میں ردو بدل کیا گیا تو کامیاب بولی دہندہ نیلامی کی اصل رقم پر اضافی رقم جو بھی بنتا ہے اسے قبول کرنے اور ادائیگی کا پابند ہوگا۔

6۔ کامیاب بولی دہندہ کمشنر مائنز لیبر ویلفیئر خیبر پختونخواہ کے ساتھ جوڈیشل سٹامپ پیپر پر معاہدہ ورک آرڈر کے اجراء سے پہلے کرنے کا پابند ہوگا۔

7۔ آفیسر مجاز کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ وجہ بتا کر کسی بھی بولی کو مسترد کر سکتا ہے۔

8۔ دیگر شرائط وضوابط اور مزید معلومات حاصل کرنے کیلئے دفتر کمشنر مائنز لیبر ویلفیئر واقع نزد جوڈیشل کمپلیکس بلمقابل پرل کانٹیننٹل ہوٹل خیبر روڈ پشاور [illegible]